# جنسی اور صنف پر مبنی تشدد کے متاثرین کی شناخت اور مدد کے لیئے ڈاکٹروں اور نرسوں کے لیئے ہدایات

In partnership with Canada

UNFPA

LAS
LEGAL AID SOCIETY

کاپی رائٹس ۔

# لیگل ایڈ سوسائٹی

جنسی اور صنف پر مبنی تشدد کے متاثرین کی شناخت اور مدد کے لیئے ڈاکٹروں اور نرسوں کے لیئے ہدایات

اشاعت کا سال: ۲۰۲۳

یہ اشاعت لیگل ایڈ سوسائٹی کے ریسرچ پراڈکٹس کا حصہ ہے اور اس کو یونائٹڈ نیشن پاپیولیشن فنڈ اور گورنمنٹ آف کینیڈا کی مدد سے شائعہ کیا گیا ہے۔

مزید کاپیوں اور دیگر متعلقہ سوالات کے لیئے لیگل ایڈ سوسائٹی سے مندر جہ ذیل پر رابطہ کریں:

Legal Aid Society

ایف ٹی سی بلڈنگ، بلاک C، پہلی منزل شاہراہ فیصل، کراچی

Tel: (92) 021 – 35634112 – 5

Email: communications@las.org.pk

Website: www.las.org.pk

Facebook: @LegalAidSocietyPakistan

لیگل ایڈ سوسائٹی 19 نومبر 2013 کو سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 1860 کے تحت رجسٹرڈ ہے

(رجسٹریشن نمبر KAR 058 of 2013 – 14)

اور اسے جسٹس ناصر اسلم زاہد کی چیئر پرسن شپ کے تحت چلایا جاتا ہے۔

In partnership with Canada

UNFPA

LAS LEGAL AID SOCIETY

# جنسی اور صنف پر مبنی تشدد کے متاثرین کی صحت پر تشدد کے نتائج

## جان لیوا:

- ایچ آئی وی ایڈز سے متعلق بیماری اور موت
- ہیپاٹائٹس-سی سے متعلق بیماری اور موت
- قتل
- خودکشی

## جنسی اور تولیدی:

- جنسی تعلقات سے منتقل ہونے والے انفیکشن (STIs)
- ایچ آئی وی/ایڈز (HIV- AIDS)
- ہیپاٹائٹس بی اور سی
- ناپسندیدہ حمل
- غیر محفوظ اسقاط حمل
- پیلوک انفلی میٹری ڈس-آڈر
- موجودہ حمل میں پیچیدگیاں
- اسقاط حمل یا پیدائش کے وقت وزن کم ہونا۔

## نفسیاتی:

- ڈپریشن اور اضطراب
- فوبیا اور گھبراہٹ کے عوارض
- کھانے اور سونے کے عوارض
- شراب اور منشیات کا استعمال
- پوسٹ ٹرومیٹک اسٹریس ڈس آرڈر
- نفسیاتی عوارض
- تمباکو نوشی
- جسمانی طور پر خود کو نقصان پہنچانے یا خودکشی کی کوشش
- لاپرواہ اور غیر محفوظ جنسی سلوق
- جنسی کمزوری
- لوگوں سے کٹنا

## جسمانی نشانات:

- جلنے سمیت مختلف قسم کے جسمانی زخم
- زخموں کے باعث معذوری
- بار بار انفیکشن
- دائمی درد
- جسمانی طاقت میں کمی

## برتاؤ میں تبدیلی:

- خود کو قصوروار ٹھہرانا
- شرم کے احساسات
- خود اعتمادی میں کمی
- جسمانی اور ذہنی توانائی میں کمی
- جسمانی طور پر خود کو نقصان پہنچانے یا خودکشی کی کوشش

In partnership with Canada
UNFPA
LAS LEGAL AID SOCIETY

# جنسی اور جنس پر مبنی تشدد کے متاثرین کے علاج کے لیئے سہولیات

## عام طور پر پیش ہونے والے طبی نشانات

**معمولی سے درمیانی جسمانی چوٹیں:**
سوجن، خراشیں، رگڑ، کٹے ہوئے اور پھٹے ہوئے زخم

**شدید جسمانی چوٹیں:**
گہرے زخم، فریکچر، جلنے کے نشانات

---

**جنسی اور تولیدی صحت کے نتائج:**
جنتانگ کے اوپر یا اندر چوٹیں، شرونی سوزش کی بیماری ، حمل کی پیچیدگیاں، اسقاط حمل، اور امراض نسواں کے مسائل

---

**ذہنی صحت کے مسائل:**
ڈپریشن، اضطراب، گھبراہٹ ، جنسی خرابی، فوبیا، نیند کی خرابی، منشیات پر انحصار، جسمانی طور پر خود کو نقصان پہنچانا، اور پوسٹ ٹرامیٹک اسٹریس ڈس آرڈر

---

**دائمی حالات:**
نفسیاتی امراض، مسلسل سر درد اور متلی، السر، معدے کے مسائل، دائمی تھکاوٹ

## دیگر شعبے اور ایجنسیاں

**حکومت:**
- محکمہ پولیس
- کرمنل پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ
- سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ
- وُمن ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ
- انسانی حقوق کا محکمہ
- شیلٹر ہومز اور سیف ہاؤسز/دارالامان

**غیر سرکاری تنظیمیں:**
- خواتین کے سپورٹ گروپس
- ماہر نفسیات کی تنظیمیں
- مفت قانونی امداد کی تنظیمیں
- خاندانی منصوبہ بندی کی تنظیمیں
- صحت عامہ کی تنظیمیں
- پرائیویٹ شیلٹر ہومز

## ممکنہ علاج کے لیئے سہولیات

**ثانوی اور ترتیری دیکھ بھال:**
- اینٹی ریپ کرائسز سیل
- میڈیکولیگل سیکشن
- ایمرجنسی روم
- آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ
- گائناکالوجی وارڈ
- میڈیسن وارڈ
- ماہر نفسیات
- سرجری وارڈ
- کوئی اور طبی یونٹ

**حوالہ جات**

**بنیادی دیکھ بھال:**
- بنیادی صحت کے یونٹس
- دیہی صحت کے مراکز
- میٹرنٹی اینڈ چائلڈ ہیلتھ کیئر سینٹر
- ڈسپنسری
- ماہر نفسیات کے کلینک
- لیڈی ہیلتھ ورکرز

In partnership with Canada

UNFPA

LAS
LEGAL AID SOCIETY

# جب جنس اور جنسی تشدد کے متاثرین اپنی کہانی بتائیں تو مندرجہ زیل طریقے کار اختیار کریں

**سنو**

متاثرہ شخص کو غور اور ہمدردی کے ساتھ سنیں

**پوچھ گچھ**

متاثرہ شخص کی جذباتی، جسمانی، سماجی، عملی ضروریات اور خدشات کا جائزہ لیں اور ان کا جواب دیں

**توثیق کریں**

متاثرہ شخص کو سمجھائیں کہ آپ اُسے سمجھتے ہیں اور اُس پر یقین کرتے ہیں۔ اُن کو احساس دلائیں کہ اس پر الزام نہیں لگایا جائے گا۔

**حفاظت کو بہتر بنائیں**

متاثرہ شخص کو محفوظ رکھنے کے لیئے اس کے فوری تحفظ کی ضروریات پوری کرنے کی کوشش کریں۔

**حمایت**

متاثرہ شخص کو قانونی، نفسیاتی اور سماجی مدد کے لیے ریفرل کے راستوں سے جڑنے میں مدد فراہم کریں۔

- بات کرنے کے لیے ایک خاموش اور علیحدہ جگہ کا انتخاب کریں جہاں رازداری کو یقینی بنا سکیں۔
- متاثرہ شخص کو یقین دلائیں کہ آپ رازداری کو برقرار رکھیں گے اور رپورٹنگ کی ضرورت پڑنے پر خبر صرف متعلقہ اہلکار (جیسے کہ پولیس) کو دی جائے گی۔
- متاثرہ شخص کو بات کرنے کی اجازت دیں اور یہ ظاہر کریں کہ آپ غور سے سن رہے ہیں۔
- خاموشی کو توجیح دیں۔ اگر متاثرہ شخص جذباتی طور پر غیر مستحکم لگے تو رونے کے لیئے وقت دیں۔
- اس کے الفاظ کے پیچھے چھپے جذبات کو سمجھیں۔
- متاثرہ شخص کی بے چینی کو اُس کے الفاظ اور باڈی لینگویج سے سمجھنے کی کوشش کریں۔
- ایک ہی سطح پر بیٹھیں یا کھڑے ہوں۔ اتنا قریب ہوں کہ آپ کی پریشانی ظاہر ہو سکے لیکن اتنا فاصلہ رکھیں کہ متاثرہ شخص کو آرام دہ محسوس ہو سکے۔

In partnership with Canada
UNFPA
LAS LEGAL AID SOCIETY

# جنسی اور جنس پر مبنی تشدد کے متاثرین کے میڈیکو لیگل معائنے کے لیئے اینٹی ریپ کرائسز سیل

میڈیکو لیگل معائنے اور فرانزک شواہد کا مجموعہ

دستاویزات اور میڈیکو لیگل سرٹیفکیٹ کا اجراء

ماہر نفسیات سے مشورہ اور قانونی اور سماجی ضروریات کی دیکھ بھال

پولیس آفیسر کو بیان (u/s 161 Cr.PC)

وکیل کی طرف سے قانونی مشورہ

## اینٹی ریپ کرائسز سیل کے ریفرل پاتھ وے میں مندرجہ زیل سروسز شامل ہیں

- ماہر امراض نسواں کے پاس علاج اور بعد از حمل مانع حمل کی دوا کے لیئے بھیجیں۔
- ضرورت کے مطابق الٹراساؤنڈ، ایکس رے اور سی ٹی اسکین کے لیئے شعبہ ریڈیولوجی میں بھیجیں۔
- HIV/AIDS، Hep B & C، STIs کی تشخیص کے لیے شعبہ طب میں بھیجیں۔
- اگر دستیاب ہو تو PEP کے لیئے HIV/AIDS کلینک بھیجیں۔
- ضرورت کے مطابق شعبہ سرجری، آنکھ، ای این ٹی، نیورولوجی وغیرہ کو بھیجیں۔
- شعبہ نفسیات کو بھیجیں۔
- اگر ضرورت ہو تو ڈپارٹمنٹ آف ڈینٹل سرجری کو بھیجیں۔

In partnership with Canada

UNFPA

LAS LEGAL AID SOCIETY

# جنسی اور جنس پر مبنی تشدد کے متاثرین کے
# میڈیکو لیگل معائنے کے لیئے ہدایات

ضرورت کے مطابق ریفرل پاتھ وے پر عمل کریں۔

میڈیکولیگل معائنے کے حقائق اور نتائج کی بنیاد پر ایک عارضی میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ تیار کریں۔

تین کاروباری دنوں کے اندر تمام ٹیسٹ کے نتائج اور رپورٹس حاصل کرنے کے بعد فائنل میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ جاری کیا جا سکتا ہے۔

دونوں سرٹیفکیٹس کی کاپیاں متاثرہ شخص کو اور تفتیشی افسر کو فراہم کریں۔

متاثرہ شخص کی ذہنی حالت کو ریکارڈ کرنا ضروری ہے۔

میڈیکولگل معائنہ تیزی سے لیکن مکمل طریقے سے کریں۔

میڈیکولیگل معائنہ واقعے کے چار سے چھ گھنٹے کے اندر ہو جانا چاہیے۔

تمام فرانزک نمونوں کو مناسب طریقے سے محفوظ رکھنا چاہیے اور چین آف کسٹڈی کو مستعدی سے برقرار رکھا جانا چاہیے۔

میڈیکولیگل معائنے میں تاخیر کی وجہ اور وقوعے اور معائنے کے درمیان کے وقفے کو نوٹ کریں۔

In partnership with Canada
UNFPA
LAS LEGAL AID SOCIETY

# ڈاکٹروں اور نرسوں کے لیئے جنسی اور جنس پر مبنی تشدد کے متاثرین کی شناخت کے لیئے قابل فہم علامات کی چیک لسٹ

**جنسی اور جنس پر مبنی تشدد کا خدشہ ہو تو مندرجہ ذیل چیک لسٹ استعمال کریں:**

- ☐ مریض کو مسلسل بے چینی اور ڈپریشن کے مسائل ہوں۔
- ☐ مریض خودکشی ، خودکشی کی منصوبہ بندی کے خیالات یا خود کو نقصان پہنچانے والے اعمال ظاہر کرے۔
- ☐ مریض کے جسم پر ایسی چوٹیں ہیں جن کی وضاحت اچھی طرح نہیں کی گئی ہے۔
- ☐ مریض کو بار بار ہونے والی STIs، ناپسندیدہ حمل، نوعمر حمل اور غیر محفوظ اسقاط حمل کی شکایت ہے۔
- ☐ مریض کو دائمی سر درد یا معدے کے مسائل کی مسلسل شکایت ہے۔
- ☐ مریض بغیر کسی واضح تشخیص یا پیتھالوجی کے بار بار ہسپتال کا دورہ کرتا ہے۔
- ☐ مریض غیر متوقع طور پر کم غذائیت یا کشودا کی شکایت رکھتا ہے۔

**جب مندرجہ ذیل سماجی علامات موجود ہوں تو جنسی اور جنس پر مبنی تشدد کے امکان کے بارے میں سوچیں:**

- ☐ عورت کا سسرال یا شوہر مستقل دخل اندازی کرتا ہے، مسلسل حفاظت کرتا ہے اور مشاورت کے دوران اس کا ساتھ نہیں چھوڑتا ہے۔
- ☐ عورت اکثر اپنے قبل از پیدائش چیک اپ سے محروم رہتی ہے۔
- ☐ عورت اپنے بچوں کی حفاظتی ٹیکوں یا صحت کی دیکھ بھال سے محروم رہتی ہے۔
- ☐ عورت کے بچوں کو جذباتی رویے کے مسائل ہیں، جیسے کہ بستر گیلا کرنا، مستقل گھبراہٹ یا منشیات کا استعمال۔
- ☐ عورت خاندان کے کسی مخصوص فرد کی موجودگی میں مشاورت کے دوران پریشانی ظاہر کرتی ہے، جیسے کہ چڑچڑانا، ہکلانا، بات کرتے ہوئے ساتھ والے رکن کی طرف ہچکچا کر دیکھنا۔

In partnership with Canada

UNFPA

LAS LEGAL AID SOCIETY

# گھریلو تشدد کے متاثرین کی شناخت کے لیے آلات

## خواتین کے ساتھ بدسلوکی کا اسکریننگ ٹول (WAST)

ایک 8 آئٹم ٹول جو پچھلے 12 مہینوں میں جسمانی، جنسی اور جذباتی زیادتی کی پیمائش کرتا ہے۔

## موجودہ تشدد کی تشخیص کا ٹول (OVAT)

ایک 4 آئٹم ٹول جو ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں خواتین اور مردوں میں موجودہ تشدد کا پتہ لگاتا ہے۔


In partnership with Canada

UNFPA

LAS LEGAL AID SOCIETY

# خواتین کے ساتھ بدسلوکی کا اسکریننگ ٹول (WAST)

ا۔ عام طور پر، آپ اپنے ازدواجی تعلقات کو کس طرح بیان کریں گے؟

- بہت زیادہ تناؤ (۳)
- کچھ تناؤ (۲)
- کوئی تناؤ نہیں (۱)

۲۔ آپ اور آپ کا شریک حیات اپنے مسائل کیسے حل کرتے ہیں؟

- بڑی مشکل سے (۳)
- کچھ مشکل سے (۲)
- کوئی مشکل نہیں (۱)

۳۔ کیا کبھی بحث کے نتیجے میں آپ اپنے بارے میں مایوسی یا برا محسوس کرتی ہیں؟

- اکثر (۳)
- کبھی کبھی (۲)
- کبھی نہیں (۱)

۴۔ کیا کبھی بحث کے نتیجے میں آپ کو مارا یا دھکیلا گیا ہے؟

- اکثر (۳)
- کبھی کبھی (۲)
- کبھی نہیں (۱)

۵۔ کیا آپ کبھی بھی اپنے شریک حیات کی باتوں یا حرکتوں سے خوفزدہ ہوتی ہیں؟

- اکثر (۳)
- کبھی کبھی (۲)
- کبھی نہیں (۱)

۶۔ کیا آپ کے شریک حیات نے کبھی جسمانی زیادتی کی ہے؟

- اکثر (۳)
- کبھی کبھی (۲)
- کبھی نہیں (۱)

۷۔ کیا آپ کے شریک حیات نے کبھی جذباتی طور پر زیادتی کی ہے؟

- اکثر (۳)
- کبھی کبھی (۲)
- کبھی نہیں (۱)

۸۔ کیا آپ کے س شریک حیات نے کبھی جنسی زیادتی کی ہے؟

- اکثر (۳)
- کبھی کبھی (۲)
- کبھی نہیں (۱)

WAST (سکور کا شمار پوائنٹس کے اضافے سے کیا جاتا ہے جیسا کہ منتخب آپشن کے آگے اشارہ کیا گیا ہے۔ پہلے دو سوالوں پر 3 کا اسکور اضافی سوالات (3 سے 8) پر فوری اسکریننگ کرتا ہے۔ (اسکور <-13 منفی؛ >= -13 مثبت

In partnership with Canada

# جاری وائلنس اسیسمنٹ ٹول (OVAT)

- کیااس وقت آپ کا شریک حیات آپ کو ہتھیار سے مارنے کی دھمکی دیتا ہے؟

جی ہاں　　نہیں

- کیااس وقت آپ کاشریک حیات آپ کو اتنی بری طرح مارتا ہے کہ آپ کو طبی مدد لینا پڑتی ہے؟

جی ہاں　　نہیں

- کیا اس وقت آپ کا شریک حیات ایسی باتیں یا حرکتیں کرتا ہے جس سے ظاہر ہو کہ وہ آپ کو مارنے کا خواہش مند ہو؟

جی ہاں　　نہیں

- کیا آپ کے شریک حیات کو آپ کے جذبات کا احترام ہے؟

ہمیشہ　　اکثر　　کبھی کبھار　　شاذ ونادر ہی　　کبھی نہیں

ہنگامی ترتیبات میں DV کے لیے OVAT مثبت سکور کا تعین اس کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ پہلے تین سوالوں میں سے کسی کا "ہاں" جواب یا آخری سوال کا "کبھی کبھار"، "کثرت سے" یا "بہت کثرت سے" جواب کو اسکریننگ کا مثبت نتیجہ سمجھا جاتا ہے۔

In partnership with Canada

UNFPA

LAS LEGAL AID SOCIETY

کسی بھی قسم کی شکایات کے لیئے آپ لیگل ایڈ سوسائٹی کے مندرجہ زیل نمبر پر کال کر سکتے ہیں: 03458270806
آپ کی شناخت، شکایات اور فراہم کردہ معلومات کو مکمل طور پر پوشیدہ رکھا جائے گا۔


ہیڈ آفس:
ایف ٹی سی بلڈنگ، بلاک C ، پہلی منزل شاہراہ فیصل، کراچی

ویب سائٹ:
www.las.org.pk

فون:
ٹول فری: 0800-70806
ہیڈ آفس: 021-35634112-5
کال سینٹر آفس: 021-35308531-3

فیس بک:
@LegalAidSocietyPakistan

ای میل:
info@las.org.pk
hr@las.org.pk



In partnership with Canada

UNFPA

LAS
LEGAL AID SOCIETY